# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## سینٹر فار جواہر لال نہرو اسٹڈیز (سی جے این ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'ڈیولپمنٹ ان انڈین کلچر: پرسپشن اینڈ پروسیس' کے موضوع پر توسیعی خطبہ منعقد کیا

New Delhi, August 7, 2025

سینٹر فار جواہر لال نہرو اسٹڈیز (سی جے این ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے چھ اگست دو ہزار پچیس کو 'ڈیولپمنٹ ان انڈین کلچر: پرسپشن اینڈ پروسیس' کے موضوع پر توسیعی خطبہ منعقد کیا۔

عزت مآب شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موقر قیادت و رہنمائی میں پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔ پروفیسر بھارتی شرما، اعزازی ڈائریکٹر، سی جے این ایس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کی صدارت فرمائی۔

کلیدی خطبے کے مقرر پروفیسر جگر محمد، سابق، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنس اور صدر شعبہ تاریخ، جموں یونیورسٹی تھے۔ اس خطبے کو ڈاکٹر ایٹی بہادر، اسسٹنٹ پروفیسر، سی جے این ایس نے کنوین کیا تھا جس میں پروفیسر ویلایوتھم سروانن، سی جے این ایس اور جامعہ کے مختلف شعبوں کے فیکلٹی اراکین نے شرکت کی۔ کپل یادو، رسرچ اسکالر، سی جے این ایس کے استقبال کے ساتھ خطبے کا آغاز ہوا۔

پروفیسر جگر محمد نے اپنی تقریر میں ترقی کے تین بنیادی پہلوؤں: تخلیقیت، بارآوری اور اظہار رائے کی آزادی کا ذکر کرتے ہوئے اس پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے ہندوستانی تہذیب وثقافت کے فریم ورک میں تنقیدی فکر کی اہمیت پر زور ہندوستانی ثقافت کی تاریخ کا جائزہ لیا۔ فاضل مقرر نے اپنی گفتگو میں ہندوستان کی تہذیبی وثقافتی اور دانشورانہ تاریخ کو اجاگر کیا اور کہا کہ ہندوستانی تہذیب بنیادی طور پر علم اساس نظام کا نام ہے۔ پروفیسر محمد نے ہندوستانی جدوجہد آزادی کے چند اہم نظریہ سازوں سے متعلق بھی بات کی جنھوں نے جدید ہندوستان میں شمولیتی ترقی و بہبود کے وژن کو سانچے میں ڈھالنے کا اہم کام کیا تھا۔ خطبے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مختلف شعبوں اور مراکز کے فیکلٹی اراکین اور رسرچ اسکالروں نے سرگرمی سے حصہ لیا۔ خطبے کے اختتام پر، پروفیسر بھارتی شرما نے شکریہ ادا کیا اور مذکورہ موضوع کے انتخاب اور اسے توسیعی خطبے کا موضوع قرار دیے جانے سے متعلق اظہار خیال کیا۔ سوال و جواب سیشن کی ابتدا سے پہلے انھوں نے لیکچر کی وضاحت اور جامعیت کی تعریف کی۔

از کی علی خان، ریسرچ اسکالر، سی جے این ایس کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام کو پہنچا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ